# گیراج کی سیفٹی چیک لسٹ

## آگ لگنے سے پہلے اسے روکیں اور کاربن مونو آکسائیڈ (CO) کے خطرناک زہر سے محفوظ رہیں!

برامپٹن میں گیراجوں سے شروع ہونے والی آگ، آگ لگنے کے واقعات کا دوسرا بڑا سبب ہے۔ گیراج کے اندر کی جانے والی بہت سی سرگرمیاں غیر محفوظ ہوتی ہیں اور ان سے آگ بھی لگ سکتی ہیں یا وہ CO کے زہریلے پن کا باعث بن سکتی ہیں۔

**درج ذیل حفاظتی تجاویز پر عمل کریں اور جانیں کہ کن غیر محفوظ سرگرمیوں سے آپ کو بچنا چاہیے، چاہے گیراج کا دروازہ کھلا بھی کیوں نہ ہو:**




### محفوظ اسٹوریج/ریفیولنگ کے مفید مشورے:

- ✓ خطرناک مواد کو گرمی، چنگاریوں یا شعلے کے کسی بھی ذریعہ سے دور رکھیں۔ اس میں بجلی کی موٹریں بھی شامل ہیں، جو آن یا آف کرتے وقت شعلہ چھوڑ سکتی ہیں۔
- ✓ پٹرول (گیسولین) کو مضبوطی سے بند، لیبل والے اور منظور شدہ کنٹینرز میں ذخیرہ کریں۔ زیادہ سے زیادہ مقدار جو آپ ذخیرہ کر سکتے ہیں، وہ 30 لیٹر ہے۔
- ✓ ہوشیار رہیں؛ نیچے گرا ہوا ایندھن آسانی سے آگ پکڑ سکتا ہے اور شدید قسم کی آگ کا سبب بن سکتا ہے۔ نیچے گرے ہوئے تمام ایندھن اور خطرناک مائعات کو فوری طور پر صاف کریں۔
- ✓ آلات ( مثلاً گھاس کاٹنے والی مشینیں، سنو بلوؤرز وغیرہ) میں پٹرول تب ڈالیں جب وہ مکمل ٹھنڈے ہو جائیں۔

### محفوظ تلفی کے مفید مشورے:




- ✓ تمباکو نوشی کے مواد کو براہ راست کوڑے دان میں ڈالنے سے گریز کریں۔ سگریٹ کے ٹوٹوں اور راکھ کو پہلے پانی میں بھگوئیں اور پھر کوڑے دان میں پھینکیں۔ تمباکو نوشی کے مواد، مثلاً سگریٹ کے ٹوٹوں کو گہری اور مضبوط ایش ٹرے میں ٹھکانے لگائیں۔
- ✓ تیل اور دیگر محلولوں والے رف کپڑوں وغیرہ کو دھات کے کنٹینر میں سخت فٹنگ والے ڈھکن کے ساتھ ٹھکانے لگائیں۔
- ✓ ضائع کرنے سے پہلے تمام ریچارج ایبل اور 9 وولٹ بیٹریوں کے سروں کو ٹیپ کریں۔ ریجن آف پیل کے بیٹری ری سائیکلنگ پروگرام کے بارے میں معلومات کے لیے ان سے رابطہ کریں۔
- ✓ آتش اور شعلہ گیر مواد کی اگر ضرورت نہ ہو، تو اس کو فوراً محفوظ طور پر ٹھکانے لگا دیں۔


BRAMPTON FIRE & EMERGENCY SERVICES

905.458.5580
bramptonfire.com
firelife@brampton.ca

BramptonFire
@BramptonFireES


BRAMPTON

# گیراج کی سیفٹی چیک لسٹ




## بجلی کے آلات سے تحفظ کے مفید مشورے

- ✓ اضافی سرکٹس، آؤٹ لیٹس کے معائنے اور انسٹالیشن اور اپنے بجلی کے پورے نظام کی مرمت کے لیے ہمیشہ لائسنس یافتہ الیکٹریکل کنٹریکٹر سے کام کروائیں۔ لائسنس یافتہ ٹھیکدار کو تلاش کرنے کے لیے الیکٹریکل سیفٹی اتھارٹی (**ESA**) سے رابطہ کریں۔
- ✓ کسی بھی سرکٹ کو اوور لوڈ کرنے سے گریز کریں؛ اور کسی لائسنس یافتہ الیکٹریشن سے مشورہ کریں کہ آیا آپ کو اضافی آؤٹ لیٹس یا سرکٹس کی ضرورت ہے یا نہیں۔
- ✓ توسیعی (ایکسٹینشن) تاریں ایسی جگہوں میں عارضی بجلی لاتی ہیں جن میں مناسب آؤٹ لیٹ موجود نہیں ہوتے۔ وہ طویل مدتی استعمال یا مستقل وائرنگ کا متبادل نہیں ہو سکتیں۔



- ✓ اپنے آپ کو حادثے سے بچائیں؛ گراؤنڈ فالٹ سرکٹ انٹرپٹرز (**GFCI**) کو اپنے گیراج کے باہر کے تمام آؤٹ لیٹس پر انسٹال کریں۔
- ✓ اگر آپ کے بجلی کے آلات یا اوزار وغیرہ شعلے چھوڑ رہے ہوں، تو ان کی بجلی منقطع کر دیں اور ڈیلر یا بجلی کے کسی مستند سروس ٹیکنیشن سے ان کی جانچ کرائیں۔
- ✓ صارف کے مینوئل میں دی گئی ہدایات کو پڑھ کر اور ان پر عمل کر کے الیکٹرک گاڑیوں کو چارج کریں۔



## غیر محفوظ سرگرمیاں:

- ✗ گیراج کے اندر کبھی کچھ نہ پکائیں یا باربی کیو نہ کریں۔
- ✗ کبھی بھی پروپین یا دیگر قسم کا ایندھن جلانے والے ہیٹر، آلات یا جنریٹر استعمال نہ کریں۔
- ✗ گیراج میں کبھی بھی گاڑی، ایندھن سے چلنے والا انجن یا کوئی موٹر (مثال کے طور پر گھاس کاٹنے والی مشین، سنو بلوؤرز) نہ چلائیں۔
- ✗ گیراج یا گھر کے اندر کبھی بھی سگریٹ نوشی نہ کریں؛ تمباکو نوشی کرنے والوں کو باہر سگریٹ نوشی کرنے کی ترغیب دیں۔
- ✗ راکھ وغیرہ کو کبھی بھی ایسے مواد میں نہ ڈالیں جو جل سکتا ہو (مثال کے طور پر خشک پودے یا گملے)۔
- ✗ اپنے گیراج یا گھر میں پروپین گیس سلنڈر نہ رکھیں۔ اگر ان سے خارج ہونے والے بخارات آگ کے کسی ذریعے (مثال کے طور پر بجلی کے سامان) کے اندر چلے گئے، تو دھماکہ بھی ہو سکتا ہے




**یاد رکھیں: آگ لگنے کے امکانات کو کم کرنے کے لیے، اپنے گیراج کو صاف ستھرا رکھیں۔**